31/

# 0601E1004

Candidate's Seat No :__________

**M.A. Sem.-1 Examination**

**402**

**Urdu**

**January-2024**

**Time : 2-30 Hours]** **[Max. Marks : 70**

**نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔**

سوال : ۱ گجرات میں اردو زبان کے آغاز اور ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔ ۱۴

(یا)

اردو زبان کے فروغ میں گجرات کے کلاسیکل شعراء کی خدمات سے روشناس کیجئے۔

سوال : ۲ فخر الدین فخر کی سوانح بیان کرتے ہوئے ان کی شاعری کی خصوصیات بیان کیجئے۔ ۱۴

(یا)

محمد علویؔ کی حیات اور ان کی جدید شاعری کا مکمل احاطہ کیجئے۔

سوال : ۳ ولیؔ گجراتی کی سوانح حیات بیان کرتے ہوئے ان کی غزلوں کی خصوصیات پر بحث ڈالئے۔ ۱۴

(یا)

عادلؔ منصوری کی شخصیت اور شاعری کا جائزہ لیجئے۔

سوال :۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) جینت پرمار کی ادبی خدمات

(۲) عباس دانا

(۳) رحمت امروہوی

(۴) میاں داد خاں سیاح

(۵) چینو مودی

سوال:۵ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) گجرات کے پہلے خود مختار سلطان کا نام کیا ہے؟

(۲) گجرات کے اُس صوفی شاعر کا نام کیا ہے جسکی موت سجدے میں گر کر ہوئی؟

(۳) اردو زبان کو ''اردوئے معلی'' کا خطاب کس شہنشاہ نے دیا؟

(P.T.O.)

(۴) اردو زبان کی ابتدائی شکل کو کس نے "لنگوا اندوستانی" کہا ہے؟

(۵) اردو کے کس کلاسیکل شاعر کو "خواجہ خضر" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

(۶) ڈاکٹر جان گلکرسٹ نے اُردو زبان کو کس نام سے یاد کیا ہے؟

(۷) "امواجِ خوبی" کس کی شرح ہے؟

(۸) شہنشاہ شاہ جہاں نے اُردو زبان کو کس خطاب سے نوازا؟

(۹) عادل منصوری کی ادبی خدمات کے اعتراف میں انھیں کس ایوارڈ سے نوازا گیا؟

(۱۰) احمد آباد کے رائے کھڑ نامی علاقے میں کس شاعر کا مزار ہے؟

(۱۱) "خزانۂ رحمت" کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۱۲) شاہ بہاؤالدین باجن نے کتنے سال کی عمر پائی؟

---پایان---